ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

# کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد 03 | جمعۃ المبارک 31 مارچ 2023ء، 09 رمضان المبارک 1444ھ 14 چیت 2079 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 24

Scanned with CamScanner

# جامعہ پونچھ میں شجرکاری، شعبہ انٹامولوجی کے طلبہ نے مختلف مقامات پر پودے لگائے

## ماحولیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات سے انسانوں کیساتھ جنگلی حیات کو بچانا ہماری ذمہ داری، عملی اقدامات کرنا ہونگے

## ڈاکٹر آنسہ تحسین نے مہم کی نگرانی کی، ڈین ایگریکلچر ڈاکٹر ناصر رحیم، افشاں مجید، صائمہ شفیق کی معاونت پر طلبہ کا اظہار تشکر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے شعبہ انٹامولوجی کے طلبہ و طالبات نے ڈاکٹر آنسہ تحسین کی سرپرستی میں شجرکاری مہم کے دوران مختلف مقامات پر پودے لگائے۔ شجرکاری کیلئے فیکلٹی آف ایگریکلچر کے مختلف شعبوں کے طلبہ نے پودوں کی خریداری میں معاونت کی۔ واضح رہے کہ شجرکاری کیلئے طلبہ نے جیب خرچ سے پیسے جمع کر کے مہم کیلئے پودوں کی خریداری کی۔ شجرکاری کے دوران طلبہ نے اپنے ریمارکس میں (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: جامعہ پونچھ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر کے شعبہ انٹامولوجی کے طلبہ و طالبات شجرکاری مہم کے دوران پودے لگا رہے ہیں

Scanned with CamScanner

کہا کہ پاکستان میں نوجوان نسل اور بالخصوص طلبہ کو دنیا میں ماحولیاتی تبدیلیوں کے پاکستان پر پڑنے والے اثرات کی سنگینی کو سمجھ کر پیش بندی کرنا ہوگی۔ ماحولیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے شجرکاری سب سے موثر ہتھیار ہے۔ طلبہ نے راولاکوٹ میں بڑھتی ہوئی بے ہنگم تعمیرات اور آبادی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعمیرات کو ماحولیات سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ایسے میکانزم کی ضرورت ہے جس سے ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کیا جاسکے۔ طلبہ نے کہا کہ بے ہنگم تعمیرات نے نہ صرف وادی پرل کی خوبصورتی کو متاثر کیا ہے بلکہ اس کے برے اثرات انسانوں کیساتھ جنگلی حیات پر بھی پڑھ رہے ہیں۔ ایسی صورتحال میں ہم نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ہم محض آگاہی مہم پر اکتفا نہیں کریں گے بلکہ عملی اقدامات کرینگے۔ حالیہ شجرکاری مہم اسی سلسلہ کی کڑی ہے اور یہ سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری رہے گا۔ دریں اثناء طلبہ نے ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈاکٹر افشاں مجید اور ڈاکٹر صائمہ شفیق کی جانب سے خصوصی معاونت پر اظہار تشکر کیا۔

Scanned with CamScanner